
UBL UNITED BANK LTD.



Signature
UBL Priority Banking

A high value, Bancassurance plan for
UBL Signature Priority Banking Customers

UBL
# BetterLife
Signature Plan

Jubilee
LIFE INSURANCE

0800-55-825 www.ubldirect.com

## UBL BetterLife Signature Plan

یو بی ایل اور جوبلی لائف پیش کرتے ہیں UBL BetterLife Signature Plan۔ ہماری معیاری اور بے مثال سروسز کی بدولت آپ اس بات کی تسلی کر سکتے ہیں کہ ہم آپ کی زندگی کے ہر پہلو کا خیال رکھتے ہیں۔ آپ ہر پہلو کے لئے ہم پر بھروسہ کر سکتے ہیں چاہے وہ بچت، تعلیم، شادی یا ریٹائرمنٹ ہو آپ ہم پر بھروسہ کر سکتے ہیں۔

### مجھے UBL BetterLife Signature Plan کی ضرورت کیونکر ہو سکتی ہے؟

جوبلی لائف کی جانب سے پیش کردہ UBL BetterLife Signature Plan ایک ایسا تحفظ مع سرمایہ کاری منصوبہ ہے جو ان افراد کے لئے ترتیب دیا گیا ہے جو اپنے خاندان کے بہتر مستقبل کی خواہش رکھتے ہیں۔ یہ منصوبہ آپکو وقفے وقفے سے پیسوں کی بچت کر کے پلان پر بلند شرح سے سرمایہ کاری میں مدد فراہم کرتا ہے تاکہ خدانخواستہ آپکے انتقال کی صورت میں بھی آپکا خاندان احساس تحفظ اور اعتماد کے ساتھ متوازن اور بہترین زندگی گزار سکیں۔

### میں UBL BetterLife Signature Plan سے کس طرح فائدہ اُٹھا سکتا ہوں؟

آپ کو ان تین آسان مراحل پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔

مرحلہ 1: سالانہ بنیاد پر کم از کم رقم (پریمیئم) کا فیصلہ کرنا۔ پریمیئم کی ادائیگی سالانہ، ششماہی، سہ ماہی یا ماہانہ بنیادوں پر کی جا سکتی ہے۔

مرحلہ 2: دیئے گئے آپشنز میں اپنی ضرورت کے مطابق بہترین کوریج کا انتخاب

مرحلہ 3: منصوبہ میں اضافے کے لئے اختیاری انشورنس فوائد کا انتخاب

### کیا میں UBL BetterLife Signature Plan کے اہل ہوں اور اسکی دستیاب مدت کیا ہے؟

اگر آپ کی عمر 18 سال سے 65 سال کے درمیان ہے تو آپ UBL BetterLife Signature Plan کے اہل ہیں۔ منصوبے کی دستیاب مدت کی حد 10 سال سے 57 سال تک ہے۔ بشرطیکہ منصوبے کی تکمیل تک زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال ہو۔

### UBL BetterLife Signature Plan حاصل کرنے کے لئے مجھے کتنی ادائیگی کرنی ہوگی؟

پریمیئم کی ادائیگی سالانہ، ششماہی، سہ ماہی یا ماہانہ بنیادوں پر کی جا سکتی ہے۔ ذیل میں کم سے کم پریمیئم کی ادائیگی کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں:

| فریکوئنسی | کم سے کم رقم (روپے) |
|---|---|
| سالانہ | 250,000 |
| ششماہی | 125,000 |
| سہ ماہی | 62,500 |
| ماہانہ | 20,833 |

### میری ادائیگیوں کو کس طرح مختص کیا جائے گا؟

UBL BetterLife Signature Plan میں آپ کی جانب سے کی گئی ادائیگی پر آپ کے اکاؤنٹ میں مندرجہ ذیل طریقہ کار کے مطابق یونٹ مختص کئے جائیں گے:

| یونٹ اکاؤنٹ میں کی گئی ایلوکیشن کا تناسب (%) | پالیسی سال |
|---|---|
| 45% | پہلے سال |
| 85% | دوسرے سال |
| 100% | تیسرے سے پانچویں سال |
| 103% | چھٹے سے دسویں سال |
| 105% | گیارھویں سال اور اُس سے زائد |
| 100% | ایڈہاک |

اسکے علاوہ 11 سال اور اس سے زائد پالیسی جاری رکھنے پر 11 سال کے بعد سے ہر پانچویں سال اضافی 20% ایلوکیشن کی جائے گی۔

**UBL BetterLife Signature Plan میں کی گئی میری ادائیگیوں کی جوبلی لائف کس طرح دیکھ بھال کرے گی؟**

UBL BetterLife Signature Plan ایک لچکدار منصوبہ ہے جو آپکو مندرجہ ذیل فنڈز میں سرمایہ کاری کا موقع فراہم کرتا ہے:

**مینجڈ فنڈ**

بانڈز اور شیئرز کی وسیع رینج میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے کے لئے ڈیزائن کیا گیا فنڈ۔

**میثاق فنڈ**

سود سے پاک منافع کے لئے ترتیب دیا گیا فنڈ۔

**یقین گروتھ فنڈ**

کم سے کم متاثر ہونے والی سرمایہ کاری سے زیادہ منافع حاصل کرنے کے لئے ترتیب دیا گیا فنڈ۔

**کیپٹل گروتھ فنڈ**

پالیسی ہولڈرز کو اثاثوں پہ مبنی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع جیسے شیئرز، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس اور بینک ڈپازٹس کے ذریعے زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے کے لئے ترتیب دیا گیا فنڈ۔

اگر آپ چاہیں تو فنڈ کی کارکردگی کا معائنہ کرتے ہوئے پالیسی کی مدت کے دوران فنڈز کے درمیان ردوبدل (سوئچ) کر سکتے ہیں۔ آپ ہر پالیسی سال چار مفت ردوبدل کر سکتے ہیں، پانچویں بار فنڈ سوئچ کرنے پر چارجز لاگو ہوں گے جو سوئچ کرنے سے قبل ہی کیش ویلیو/یونٹ اکاؤنٹ سے منہا کر لئے جائیں گے۔

**UBL BetterLife Signature Plan سے میں کس طرح مستفید ہو سکتا ہوں؟**

UBL BetterLife Signature Plan آپکو پلان کی تکمیل پر پرکشش بچت کے ساتھ اس بات کا سکون بھی فراہم کرتا ہے کہ پلان کی مدت کے دوران خدانخواستہ آپکی ناگہانی موت کی صورت میں آپکے خاندان کی دیکھ بھال کی جا سکے۔

**تکمیلی فوائد:**

اگر آپکے خوابوں میں سے کسی کی تعبیر ممکن نہ ہوئی ہو تو آپ پلان کی تکمیل پر ملنے والی یکمشت کیش ویلیو سے انہیں پورا کر سکتے ہیں۔

**ڈیتھ بینیفٹ:**

UBL BetterLife Signature Plan کے تحت آپکے ورثا کو کیش ویلیو یا سم ایشورڈ میں سے جو بھی زائد ہو، ڈیتھ بینیفٹ کی صورت میں ادا کیا جائے گا۔ آپکے بنیادی سالانہ پریمیئم کو کور ملٹیپل سے ضرب دے کر آپ سم ایشورڈ معلوم کر سکتے ہیں۔ یہ منصوبہ 5 سے 254 تک لائف انشورنس کور ملٹیپل فراہم کرتا ہے جسکا انحصار آپکی عمر پر ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپکا بنیادی سالانہ پریمیئم 250,000 روپے اور منتخب کردہ کور ملٹیپل 10 ہے تو آپکا سم ایشورڈ 10 x 250,000 = 2,500,000 روپے ہوگا۔

ڈیتھ بینیفٹ لائف ایشورڈ کی ناگہانی موت کی صورت میں واجب الادا ہے۔ جوائنٹ لائف آپشن کی صورت میں ڈیتھ بینیفٹ کسی بھی ایک لائف ایشورڈ کے انتقال پر (جسکا بھی پہلے ہوا ہو) دوسرے کو واجب الادا ہوگا۔

**کیا میں دوسرے خطرات و خدشات سے اپنا تحفظ کر سکتا ہوں؟**

UBL BetterLife Signature Plan آپکو سہولت دیتا ہے کہ آپ اپنے پلان کو اپنے خوابوں اور ضروریات کے مطابق ڈھالنے کے لئے مندرجہ ذیل میں سے انتخاب کریں:

**فیملی انکم بینیفٹ:**

آپکا خاندان آپکی حوصلہ افضائی و رہنمائی کا ذریعہ ہے جو آپکو کامیابی کی طرف گامزن کرتا ہے۔ آپکی ناگہانی موت کی صورت میں یہ بینیفٹ آپکے خاندان کو ایک طے شدہ مدت تک اضافی متواتر آمدنی فراہم کرتا ہے تاکہ وہ اپنے روزمرہ کے اخراجات اٹھا سکیں اور اپنی زندگی اتنی ہی خوبصورت گزار سکیں جتنی آپ نے سوچ رکھی ہے۔

**پیچیدہ بیماریوں سے تحفظ:**

مخصوص پیچیدہ بیماریوں میں سے کسی کی تشخیص کی صورت میں آپ اپنا تحفظ کر سکتے ہیں اور اس بینیفٹ کے تحت اضافی اخراجات سے نبرد آزما ہو سکتے ہیں۔ یہ بینیفٹ موت کی صورت میں ملنے والے فائدے میں اضافہ کرے گا تاکہ آپ با آسانی اس مشکل وقت کا سامنا کر سکیں۔

**ہاسپٹلائزیشن:**

زائد طبی اخراجات آپ پر مالی دباؤ بڑھا سکتے ہیں۔ ہسپتال میں داخلے کی صورت میں اگر آپ اپنا پیشہ جاری نہیں رکھ سکتے تو آپکو یومیہ 10,000 روپے ادا کیے جائیں گے۔ اگر آپکا ہسپتال میں داخلہ مخصوص پیچیدہ بیماریوں میں سے کسی کے سبب ہوا ہو تو بینیفٹ دگنا ادا کیا جائے گا جبکہ انتہائی نگہداشت وارڈ میں داخلے کی صورت میں 50% اضافی ادائیگی کی جائے گی۔

**حادثاتی موت:**

حادثاتی موت کی اضافی تحفظ فراہم کرنے کے لئے آپکو اس بینیفٹ کے تحت اضافی ادائیگی کی جائے گی بشرطیکہ موت کسی حادثے کے نتیجے میں واقع ہوئی ہو۔

**حادثاتی موت یا معذوری:**

کبھی سوچا ہے کہ کسی حادثے کے نتیجے میں آپکی موت یا معذوری کی صورت میں آپکا خاندان کیا کرے گا؟ یہ بینیفٹ آپکی ان تمام پریشانیوں کا جواب پیش کرتا ہے اور آپکو ناگہانی صورت حال سے تحفظ کے لئے ایک اضافی رقم فراہم کرتا ہے۔

**مکمل دائمی معذوری:**

پالیسی ہولڈر کو مکمل دائمی معذوری لاحق ہونے کی صورت میں ڈیتھ بینیفٹ کی اضافی ادائیگی ہوگی۔

**پریمیئم کی چھوٹ:**

اگر آپ کسی بیماری یا معذوری کی صورت میں کم از کم چھ ماہ سے اپنا پیشہ جاری نہیں رکھ پا رہے تو جوبلی لائف اگلی واجب الادا تاریخ سے آپ کی پریمیئم ادائیگی میں مدد کرے گی تاکہ آپ کی ادائیگی میں کوئی رکاوٹ نہ آئے اور آپ کے مستقبل کے خوابوں کی تعبیر کے لئے آپکی کیش ویلیو میں اضافہ ہوتا رہے۔

مندرجہ بالا میں سے حادثاتی موت، حادثاتی موت یا معذوری اور ہاسپٹلائزیشن رائڈرز، پلان کے جوائنٹ لائف آپشن کے تحت دستیاب ہیں۔

**کیا UBL BetterLife Signature Plan مجھے اپنے فنڈ سے دستبرداری کی اجازت دیتا ہے؟**

UBL BetterLife Signature Plan کے تحت، آپ کو یہ اختیار ہے کہ پالیسی کے دوسال مکمل ہونے پر آپ اپنے فنڈز (مکمل یا جزوی طور پر) واپس لے سکتے ہیں بشرطیکہ آپ نے دوسال کا مکمل پریمیئم ادا کیا ہوا ہو۔

**جزوی دستبرداری:**

اگر آپ کو کسی ہنگامی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے اپنی نقد رقم واپس لینا چاہتے ہیں، لیکن پالیسی سے دستبردار نہیں ہونا چاہتے، آپ پالیسی کے دوسال مکمل ہونے کے بعد جتنی رقم چاہیں نکلوا سکتے ہیں۔ آپ کی پالیسی کی کیش ویلیو -/250,000 روپے پاکستانی کے مساوی یا اس سے زیادہ ہو۔ (بقایا کیش ویلیو پر کمپنی کی جانب سے نظرثانی کی جاسکتی ہے) اور آپ نے اپنا دوسال کا پریمیئم ادا کیا ہو۔

**مکمل دستبرداری:**

دوسال کے مکمل پریمیئم کی ادائیگی پر آپ اپنی پالیسی سے دستبردار ہوسکتے ہیں۔ دستبرداری کے وقت آپ کو آپ کے

فنڈز کی مکمل کیش ویلیو ادا کر دی جائے گی۔ تاہم پالیسی کے ابتدائی سالوں میں دستبرداری کے نتیجے میں کیش ویلیو کم ہو سکتی ہے۔

### کیا UBL BetterLife Signature Plan کے تحت دیگر اساسی فوائد بھی ہیں؟

**آٹو میٹک کور مینٹیننس:**

پورے دو سال پریمیئم ادائیگی کے بعد اگر آپ مزید اپنے پریمیئم کی ادائیگی نہیں کر سکتے تو آپ پھر بھی لائف انشورنس کور کے اہل ہوں گے۔ جب تک آپ کے منصوبے کی کیش ویلیو آپ کی پالیسی سے کی جانے والے چارجز کی ادائیگی کے لئے کافی ہو۔

**ٹاپ اپ پریمیئم:**

اگر آپکو اپنے منافع میں اضافے سے زائد رقم وصول ہو تو آپ اسے عمدگی سے استعمال کرتے ہوئے ایڈ ہاک ادائیگی کے ذریعے اپنی سرمایہ کاری میں اضافہ کر سکتے ہیں جس کے نتیجے میں آپکی کیش ویلیو میں بھی اضافہ ہوگا۔

### UBL BetterLife Signature Plan کے کیا چارجز ہوں گے؟

ابتدائی سالوں میں کم ایلوکیشن کے ساتھ، درج ذیل معاوضے منصوبے پر لاگو ہوں گے:

- فنڈ ویلیو کے 1.5% سالانہ انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارجز
- -/55 روپے ماہانہ ایڈمنسٹریشن فیس
- 5% بڈ / آفر اسپریڈ
- مورٹیلٹی چارجز اگر قابل اطلاق ہو۔
- رائیڈر چارجز، اگر کوئی ہو

** کمپنی تمام معاوضوں پر نظر ثانی کر سکتی ہے۔

**مفت تجرباتی دورانیہ:**

جوبلی لائف آپ کو 14 دن کے مفت تجرباتی دورانیے (Free-Look Period) کی سہولت پیش کرتی ہے، جس میں آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ اگر چاہیں تو پالیسی منسوخ کر دیں۔ آپ کا پریمیئم آپ کی جانب سے تحریری درخواست جو پالیسی ڈاکیومینٹس جاری ہونے کے 14 دن کے اندر اندر واپس کر دیا جائے گا۔

جوبلی لائف کو یہ اختیار ہے کہ وہ آپ کے طبی تجزیوں کی مد میں ہونے والے اخراجات منہا کر لے۔ (اگر کوئی ہو۔)

### میں جوبلی لائف کے فنڈ یونٹ کی قیمتوں کے بارے میں معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

جوبلی لائف فنڈز کے یونٹ کی قیمتوں کی معلومات تمام بڑے روزناموں میں شائع ہوں گے اور جوبلی لائف کی ویب سائٹ پر دیکھے جا سکتے ہیں۔

**ویلکم پیک:**

تمام UBL BetterLife Signature Plan ممبرز ایک خصوصی ویلکم پیک حاصل کریں گے۔

**ایگزیکٹو ہیلتھ چیک اپ/ ایگزیکٹو طبی معائنہ:**

تمام UBL BetterLife Signature Plan ممبرز ایگزیکٹو طبی معائینے کی سہولت سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔

**اعلانات**

* یہ پراڈکٹ جوبلی لائف کی طرف سے دستخط کی گئی ہے۔ UBL اوراس کے منسلکہ ادارے نہ تو اس کے جواب دہ ہیں اور نہ ہی یہ UBL کی پراڈکٹ ہے۔
* پلان میں کی گئی آپکی ادائیگیوں کی سرمایہ کاری آپکی مرضی کے پالیسی ہولڈر فنڈ میں کی جاتی ہے جس کی دیکھ بھال جوبلی لائف کرتی ہے۔۔
* فوائد کی السٹریشن آپکو ہمارے سیلز نمائندے کی جانب سے ادا کی جائے گی۔ شرائط وضوابط کو اچھی طرح سے سمجھنے کے لئے السٹریشن میں موجود نوٹ کا معائنہ کریں۔
* جوبلی لائف کے ساتھ سرمایہ کاری کی کارکردگی کے مطابق اصل اعدادوشمار السٹریشن میں دیئے گئے اعدادوشمار سے کم یا زیادہ ہوسکتے ہیں۔
* جوبلی لائف مینجڈ فنڈ کی ماضی کی کارکردگی ضروری نہیں ہے کہ مستقبل کی کارکردگی کی نشاندہی کرے۔ کوئی بھی کی گئی پیشن گوئی ضروری نہیں کہ فنڈز کے مستقبل کی کارکردگی کو ظاہر کرے۔ اس سلسلہ میں نہ تو جوبلی لائف اور نہ ہی یو بی ایل پر اس کا ذمہ داری عائد ہوگی۔
* سروس چارجز اور ٹیکس بینک کے "ادائیگی شیڈول " کے مطابق لاگو ہوں گے اور ٹیکس قوانین جو مجاز حکام کی طرف سے مقرر ہیں۔
* پالیسی کی شرائط میں واضح کیا گیا ہے کہ معاہدہ پالیسی کس طرح موثر ہوگا۔ اس مصنوعاتی بروشر میں صرف آپ کے سمجھنے کے لئے پراڈکٹ کی خصوصیات، فوائد کی نشاندہی کی گئی ہے۔

*Signature... Excellence First!*

- Karachi
- Lahore
- Islamabad
- Rawalpindi
- Sialkot
- Multan
- Rahim Yar Khan
- Quetta
- Peshawar
- Sukkur

Jubilee Life Insurance Company Limited
74/1-A, Lalazar, M.T. Khan Road,
Karachi-74000, Pakistan
Website: www.jubileelife.com

Call : (0213) 5205095,
Fax : (0213) 5610959,
(0213) 5610805

United Bank Limited
Head Office: 8th Floor, State Life Building # 1,
I.I. Chundrigar Road, Karachi-Pakistan.

Call : 0800-55-825
Fax : 021-3246-3118
Web : www.ubldirect.com